سوال

شادی

جواب

منہ بولی بہن کیساتھ نکاح السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا منہ بولی بہن کیساتھ نکاح کیا جاسکتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد! اسلام میں منہ بولی بہن کا کوئی تصور نہیں ہے، ایسی بہن پر آپ سے پردہ کرنا لازم ہے۔ شریعت میں آپ کی بہن وہی ہے جو نسب سے یا رضاعت سے بہن بنی ہو۔ لہذا ایسی عورت کے ساتھ آپ نکاح کر سکتے ہیں، اگر اس کے علاوہ کوئی حرمت موجود نہ ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی